زندگی میں کامیابی حاصل کرنا ہر انسان کی فطری خواہش ہوتی ہے کامیابی کے ممکن حصول کی خاطر اسے بہت کچھ کرنا پڑتا ہے۔ حمل افراد اس مقابلے میں بہت زیادہ خود غرضی سے کام لیتے ہیں۔ نہایت بے صبری کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ ہر وقت ہر معاملے میں قیادت کا بھوت سوار رہتا ہے۔ ان کا یہ ردعمل درست نہیں ہے۔ کیونکہ سامنے والا جس پر آپ قیادت کا رعب جمانا چاہتے ہیں وہ تو کبھی نہیں چاہے گا کہ آپ کا غلام بن کر رہے۔ ردعمل کے طور پر وہ آپ کے خلاف قدم اُٹھائے گا اس لیے غلط رائے سے بچنے کے لیے حمل افراد کو اپنا عمل درست کر لینا چاہیے۔ حمل افراد فضول خرچ بھی ہوتے ہیں۔ جوانی میں جتنا کماتے ہیں بڑھاپے تک سب ختم ہو چکا ہوتا ہے۔ نہایت حساس طبیعت کے مالک ہوتے ہیں۔ اردگرد ہونے والے واقعات انہیں بہت متاثر کرتے ہیں۔ پُرکشش اور ظاہری تاثر کی بناء پر ان کے اردگرد رہنے والے لوگ ان کو لیڈر سمجھتے ہیں، اس لیے کسی مشکل میں بھی ان کی مدد کو آگے نہیں بڑھتے۔ حالانکہ ان کو مدد کی ضرورت ہوتی ہے۔ اپنا لہجہ ہمیشہ دھیما اور غیر تحکمانہ رکھیں تاکہ دوسرے آپ کے لیے ہمدردانہ اور اچھے جذبات رکھیں۔

حمل خواتین

حمل خواتین مستحکم مزاج، مضبوط کردار، ارادہ اور عزم وحوصلہ کی مالک ہوتی ہیں۔ ان کی کارکردگی عام حالات میں اتنی قابل دید نہیں ہوتی جتنی غیر معمولی حالات کو ہینڈل کرنے میں مثالی کارکردگی انجام دیتی ہے۔ مثبت مقصد کا حصول تو بہتر ہے لیکن ایسی طاقت، توانائی اور غیر معمولی کارکردگی کا استعمال منفی مقاصد میں استعمال کرنے سے گریز کرنا چاہیے۔ خاص منصوبہ بندی نہیں کرتیں لیکن اگر کوئی کام شروع کر لیں تو مکمل کرنے بلکہ سب سے پہلے اور بہترین طریقے سے ختم کرنے کی ممکن کوشش کرتی ہیں۔ دوسروں کی جیت کی صورت میں یہ حسد اور جلن بہت جلد محسوس کرتی ہیں۔ جس وجہ سے ڈیپریشن کا شکار ہو جاتی ہیں۔ ضرورت سے زیادہ حساس طبیعت انہیں رقابت، غرور اور سخت گیری جیسے رویے کا شکار بنا دیتی ہے جس پر کنٹرول ضروری ہے۔ حمل خاتون کبھی بھی فالتو وقت کو ضائع نہیں کرتیں بلکہ تعمیری کاموں میں صرف کرتی ہیں۔ حاضر جوابی انہیں سماجی تقریبات میں منفرد کرتی ہے۔ شوہر کا کام کسی قسم کا بھی ہو اس کی مدد کرتی ہیں۔ تعریف کرتے رہنے والے آدمی حمل عورت کے بہترین شوہر ثابت ہوتے ہیں۔ علاوہ ازیں حمل خواتین نہایت چست اور پھرتیلی ہوتی ہیں جو ان کے خوبصورت اور پُر آرائش گھر سے نظر آتا ہے۔ مہمان نوازی حمل خواتین کا خاصہ ہے۔ اپنی تمام تر خوبیوں کے باعث ایک اچھی شریک حیات ثابت ہوتی ہیں۔ حمل بچوں سے بے حد محبت کرنے والی بہترین مائیں جانی جاتی ہیں۔

حمل مرد

جیسے کہ پہلے بھی بتایا گیا کہ حمل افراد کی دو اقسام ہوتی ہیں جو قطعی مختلف ہوتی ہیں۔ اس لیے حمل مردوں کے بارے میں بتائی جانے والی خصوصیات کو تمام حمل مردوں پر لاگو نہیں کیا جا سکتا پھر بھی چند بنیادی عوامل ایسے ہیں جو حمل مردوں کی زندگی پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ حمل مرد عام طور پر پھرتیلا اور جلد منزل کو پانے کی خواہش رکھتا ہے۔ اچھی منصوبہ بندی کرتے ہیں اور ہر کام بہترین طریقے سے شروع کرتے ہیں لیکن عجلت پسندی کی عادت اور بعض اوقات سستی نقصان کا باعث بنتی ہے۔ صبر وتحمل اور سوچ بچار سے اس نقصان پر قابو پایا جا سکتا ہے۔ حمل افراد اپنے مقصد میں کامیابی کے لیے صرف اپنے مفاد کی پرواہ کرتے ہیں۔ جس سے لوگ برا محسوس کرتے ہیں۔ اس طرح ان کی سماجی حیثیت متاثر ہونے کا خدشہ رہتا ہے۔

بعض حمل مردوں میں ایک ہی وقت میں کئی کام شروع کر لینے کی عادت انہیں پہلے ذہنی انتشار اور پھر ناکامی سے دوچار کرتی ہے۔ حمل مرد دوسروں سے بہت جلد، بہت سی توقعات وابستہ کر لیتے ہیں اور اپنا رویہ ہمیشہ تحکمانہ رکھتے ہیں۔ پھر لوگوں کی طرف سے بے اعتنائی پر قصوروار بھی دوسروں کو ہی ٹھہراتے ہیں۔ حد درجہ تنقیدی ہوتے ہیں۔ شادی سے پہلے ہی اپنی بیوی کے بارے میں ایک تصور قائم کر لیتے ہیں جو بہت خوبصورت چست اور دانشمند شریک سفر کا ہوتا ہے۔ ہر بات دل میں رکھنے کی بجائے کھلم کھلا اپنی رائے کا اظہار کرتے ہیں۔ ان کی رفیق حیات اگر ان کے مطلوبہ معیار پر پوری اُترتی ہو تو پھر ساری عمر اس سے وفا کرتے ہیں۔

حمل بچہ

حمل بچہ دوسرے بچوں کی نسبت ذہین اور دانشمند ہوتا ہے۔ اگر ابتدائی عمر ہی سے اس کی مناسب راہنمائی (جو اس کی خودی کو مجروح نہ کرے) کی جائے تو بڑے ہونے پر انہیں عملی زندگی میں بڑی مدد ملتی ہے۔ وہ نگرانی کا برا مانتے ہیں لیکن اپنی غلطیوں سے سبق حاصل کرنے والے بچے ہوتے ہیں۔ اگر انہیں بچپن سے ہی حقیقت پسندی کی عادت ڈالی جائے تو بہتر رہتا ہے۔ آزادی مجروح ہونے پر بعض حمل بچوں کا ردعمل انتہائی جارحانہ ہو جاتا ہے۔ ایسی صورت حال میں والدین کو پیار محبت سے کام لینا چاہیے۔ حمل بچہ ہمیشہ لیڈر بننا پسند کرتا ہے۔ بڑے ہونے پر ایک صورت میں تو یہ فوجی، نڈر اور بہادر کام کرنے والے ہو سکتے ہیں اور دوسری صورت میں ایسے کردار کے حامل کہ لوگ انہیں نظرانداز کرنے لگیں۔ ایسی صورت حال سے بچاؤ تب ہی ممکن ہے کہ ابتدائی عمر میں ہی حمل بچوں کے کردار کی مثبت تعمیر پر توجہ دی جائے اور والدین اپنے آپ کو بطور نمونہ پیش کرتے ہوئے انہیں تنقید کا کوئی موقع نہ دیں۔

برج حمل کے دوسرے بروج کے ساتھ تعلقات

برج حمل برج حمل کے ساتھ

حمل مرد حمل عورت

حمل خاوند ہوتے ہوئے آپ کی خواہش ہے کہ آپ گھر میں ''باس'' بن کر رہیں ایسے میں اگر حمل زوجہ افہام وتفہیم سے آپ کے اس درجہ کو قبول کر لے تو زندگی اچھی گزرتی ہے۔ آپ کو پُرسکون، خوبصورت اور صاف ستھرا گھریلو ماحول پسند ہے۔

اس لیے حمل بیوی کو چاہیے کہ وہ ان باتوں کا خیال رکھے۔ حمل خاوند ایسی ہی عورت کو پسند کرتا ہے جسے ہر بات بتانی نہ پڑے۔ ایک جیسی عادات ہوتے ہوئے دونوں ٹکراؤ کی بجائے اچھی زندگی گزارتے ہیں۔

حمل عورت حمل مرد

متضاد مزاج کی صورت میں حمل عورت و مرد کی زندگی ہنگامہ آرائی پر مبنی ہوتی ہے لیکن بہ حیثیت حمل شریک حیات آپ کوشش کرتی ہیں کہ حمل رفیق سفر کو اس کی منزل پر پہنچنے میں مدد دیں۔ آپ کی تھوڑی سی مصروفیات حمل مرد کو ناراض کر دیتی ہے۔ ایسے میں آپ لذیذ پکوانوں کی مدد سے بازی جیت سکتی ہیں۔ اگر آپ گھر اور گھر میں آنے والوں کو اچھے طریقے سے دیکھتی ہیں اور حمل خاوند کی ضروریات کی تسکین کرتی ہیں تو آپ کا گھر جنت کا ٹکڑا بن سکتا ہے۔

برج حمل برج ثور کے ساتھ

حمل مرد ثور عورت

اگر آپ حمل مرد ہیں تو غور فرمائیے! جناب آپ کی ثور بیوی میں وہ تمام خوبیاں تو نہیں ہوسکتیں جو آپ چاہتے ہیں پھر بھی اگر آپ ثور بیوی کو اچھے طریقے سے اپنی محبت کا یقین دلاتے ہیں تو وہ آپ کے لیے سب کچھ کرنے کو تیار ہے۔ اپنی تیز روی میں اسے نظر انداز نہ کریں بلکہ اسے ساتھ لے کر چلیں وہ آپ کو کبھی نا اُمید نہیں کرے گی۔

حمل عورت ثور مرد

بحیثیت حمل بیوی آپ ثور خاوند کے ساتھ ایک بھرپور اور خوشگوار زندگی گزار سکتی ہیں۔ آپ کا ثور خاوند منصوبہ بندی سے عملی میدان میں کودنے والا انسان ہے۔ لہٰذا آپ کا اس پر کسی قسم کا انحصار بے کار نہ جائے گا۔ وہ آپ کی مصروفیات میں آپ کا ممد و معاون رہے گا اور جب آپ گھر کو اس کے لیے جنت بنائیں گی تو وہ آپ کی اور گھر کی تمام ضروریات کا خیال رہے گا۔

برج حمل برج جوزا کے ساتھ

حمل مرد اور جوزا عورت

جوزا بیوی کی پُرکشش شخصیت آپ کے لیے باعث فخر ہوگی اس کے علاوہ اس کی ذہانت آپ کو دوسرے اُمور میں بھی مددگار ثابت ہوگی۔ آپ کی جوزا بیوی ہمیشہ آپ کی وفادار ثابت ہوگی۔ چونکہ آپ دونوں کی راہیں کچھ ملتی جلتی ہیں۔ اس لیے آپ ہر قدم سوچ سمجھ کر اٹھاتے ہیں۔

حمل عورت اور جوزا مرد

برج جوزا کے تحت پیدا ہونے والے مردوں میں عورت کے لیے بہت کشش ہوتی ہے۔ اس لیے آپ اپنی ذہانت سے فوراً بھانپ لیتی ہیں کہ آپ کے خاوند کی کیا ضرورت ہے۔ اس کے ہر مسئلے میں مفید مشورے دیتی ہیں۔ نتیجتاً وہ آپ کو اپنا تسلیم کرتا اور آپ کی ہر ضرورت اپنے ہاتھوں سے پوری کرنے میں خوشی محسوس کرتا ہے۔

برج حمل برج سرطان کے ساتھ

حمل مرد اور سرطان عورت

سرطان بیوی آپ کو طرح طرح کی آزمائشوں میں ڈالے گی۔ بہ حیثیت حمل خاوند آپ کو احتیاط کرنا ہے حسِ مزاح سے محروم سرطان بیوی سے کوئی ایسا مذاق نہ کریں جو اسے ناگوار گزرے ورنہ آپ مشکل میں پڑ جائیں گے۔ آپ پیسہ لٹانے میں ماہر اور آپ کی زوجہ پیسہ بچانے میں مشاق ہیں۔ اس لیے ٹکراؤ سے بچنے کے لیے آپ پر احتیاط لازم ہے۔

حمل عورت سرطان مرد

سرطان مرد کو اپنے کنٹرول میں کر لینا حمل عورت کا کمال فن ثابت ہوگا۔ سرطان مرد نہایت کفایت شعار ہوتا ہے اس کے ساتھ ساتھ وہ آپ کی شاہ خرچیوں پر بھی نظر رکھے ہوئے ہے۔ حمل بیوی کی نت نئی چیزوں کی تلاش کی تسکین سب سے بہتر سرطان مرد کر سکتا ہے۔ اس لیے آپ کو ہمیشہ اسی سے رجوع رکھنا چاہیے۔

برج حمل برج اسد کے ساتھ

حمل مرد اسد عورت

آپ خوش قسمت ہیں کہ آپ کو شوخ و چنچل بیوی ملی لیکن اس کے ساتھ رہنے کے لیے آپ کو اپنے حاسدانہ جذبات کو کنٹرول کرنا ہے کیونکہ اس کا لاجواب حسن و جمال دوسروں کے سامنے آپ کو پریشان کر سکتا ہے۔ بذات خود اس معاملے میں آپ کی شریک حیات مضبوط اعصاب کی مالک ثابت ہوگی۔ آپ کے تحفے اسے آپ کی محبت کا یقین دلاتے ہیں اس طرح وہ آپ کی ہو کر رہتی ہے۔ اس کی آپ کے ساتھ موجودگی باعث فخر و کامیابی ہے۔

حمل عورت اسد مرد

آپ کا اسد خاوند قابل بھروسہ آدمی ہے اور آپ کا بہترین سہارا بھی۔ وہ ہر لمحہ آپ کی مدد کو تیار رہتا ہے اور آپ کی ضرورت کو محسوس کرتا ہے۔ اس لیے آپ کو بھی چاہیے کہ وقت سے پہلے ہی اپنے آپ کو اسد خاوند کی مدد کے لیے تیار رکھیں۔ اسد مرد کو سربراہی کا شوق تو ہوتا ہے لیکن آپ کی محبتوں کے صلے میں وہ بھی آپ پر بے جا حکم نہیں چلائیں گے۔

برج حمل برج سنبلہ کے ساتھ

حمل مرد سنبلہ عورت

سنبلہ بہت رکھ رکھاؤ والی خواتین ہوتی ہیں اور ایسے ہی لوگوں کو پسند کرتی ہیں۔ سنبلہ خاتون کے ساتھ چند دن گزار کر آپ اسے نہیں جان سکتے۔ وہ ہمیشہ تسلی یقین اور طویل انتظار کے بعد اپنے خول سے باہر نکلتی ہے۔ سنبلہ بیوی کی ناراضگی سے بچنے کے لیے اس پر تنقید نہ کریں۔ وہ آپ کی وفاؤں پر آپ کے نام کی مالا گلے میں ڈال لے گی۔ لیکن آپ کے ساتھ کسی دوسری عورت کا وجود اس کے لیے موت ہے۔

حمل عورت سنبلہ مرد

سنبلہ مرد بہت دھیمے مزاج کے ہوتے ہیں۔ آپ اپنی فہم و فراست اور لائحہ عمل سے اس کے ساتھ اچھی زندگی گزار سکتی ہیں۔ مثلاً گھر صاف اور پُرآرائش رکھیں۔ کچن کے برتنوں پر ستارے چمک رہے ہوں۔ کیونکہ یہ سب سنبلہ مرد کی کمزوریاں ہیں۔ اپنی کمزوریوں کی تسکین کے صلے میں وہ آپ کو مایوس نہیں کرے گا۔

برج حمل برج میزان کے ساتھ

حمل مرد میزان عورت

آپ کی میزان بیوی آپ کے لیے باعث صد افتخار ہے۔ اس کی پُرکشش شخصیت اور ٹھوس دلائل ہمیشہ آپ کو اس کا قائل اور ضرورت مند رکھیں گے۔ آپ

کے فیصلے اسے کوئی تکلیف نہیں پہنچاتے کیونکہ میزان کو آپ کی خوشی عزیز ہے اگر آپ اس سے کچھ چاہتے ہیں تو اس کا بھرپور خیال رکھیں تب وہ آپ کی سانس تک کی حفاظت کرنے والی شریک حیات ثابت ہوگی۔

حمل عورت اور میزان مرد

میزان مرد بحیثیت شریک حیات محبت کے معاملے میں مشکوک رہے گا۔ میزان مرد آپ کی ذہانت اور بہترین اخلاق کا جہاں معترف ہوتا ہے وہاں غلطی ہو جانے پر آپ کو چاہیے کہ بحث وتمحیص سے پرہیز کریں کیونکہ میزان خاوند بحث کو ناپسند اور خاموشی اختیار کرنا پسند کرتا ہے۔ یہی بہتر زندگی کی چابی ہے۔ اگر آپ چاہیں تو یہ چابی اپنے ہاتھ میں بھی رکھ سکتی ہیں۔

برج حمل برج عقرب کے ساتھ

حمل مرد اور عقرب عورت

عقرب بیوی غصے اور نرمی دونوں میں شدت پر ہوتی ہے۔ اس لیے حمل مرد کو اس کے غصے کا مقابلہ نہیں کرنا چاہیے۔ مخالفت کی صورت میں وہ بدلہ لیے بغیر نہیں رہتی۔ آپ دونوں کی متضاد طبیعتیں جھگڑوں کا باعث بنتی ہیں لیکن عقرب شریک زندگی دوسروں پر یہ کبھی ظاہر نہیں ہونے دیتی ہے۔ حمل مرد کے لیے عقرب بیوی کے ہاں میں ہاں ملانا ہی بہتر ہے۔

حمل عورت عقرب مرد

عقرب مرد عقرب خاتون کی طرح ہر حالت میں عروج پر ہوتا ہے۔ حمل عورت کا کوئی کام اسے مرغوب نہیں کرتا اُلٹا ذرا سی کوتاہی پر آپ کے لیے وبال جان بن سکتا ہے۔ آپ کے لاکھ کوششوں کے باوجود اگر وہ محبت کا اظہار کریں تو بھی وہ سطحی ہی ہوگا۔

برج حمل برج قوس کے ساتھ

حمل مرد قوس عورت

قوس عورت کا بہترین باطن اور صاف گوئی حمل مرد کو اس کے بہت سے دوستوں سے محروم کر دیتی ہے۔ حقیقتاً وہ انتہائی قابل اعتماد اور ایمان دار ہے۔ اس لیے آپ حمل خاوند ہونے کی بناء پر اس کی اس عادت پر کچھ محنت سے قابو پا سکتے ہیں۔ آپ کی طرح وہ بھی مصروف رہنا پسند کرتی ہے۔ اچھی بیوی اور بہترین خاتون خانہ ثابت ہوتی ہے۔

حمل عورت قوس مرد

قوس مرد سمارٹ، خوش اخلاق اور کسی حد تک شرمیلے ہوتے ہیں۔ حمل بیوی کو اپنی بات منوانے کے لیے بہترین حکمت عملی تیار کرنی چاہیے۔ قوس خاوند آپ کی شخصی آزادی کا قائل ہے اس لیے وہ آپ پر کوئی پابندی لاگو نہیں کرے گا۔ معاشرے میں آپ کی پرکشش شخصیت کو اپنے ساتھ فخریہ محسوس کرے گا۔ لیکن گھر سارا آپ کو خود سنبھالنا پڑے گا۔

برج حمل برج جدی کے ساتھ

حمل مرد جدی عورت

جدی بیوی کی نظر میں رہنے کے لیے آپ کو اپنی ذات کو تعمیری کاموں میں مصروف رکھنا ہے۔ ایسی صورت میں جدی رفیق سفر آپ کی مدد کرے گی ورنہ نظر انداز کر دے گی۔ آپ کے مخالفین سے ڈٹ کر مقابلہ کرے گی۔ آپ کی جانب سے حوصلہ افزائی پر وہ خوش رہتی ہے اور اگر آپ سسرال والوں کے بارے میں وقتاً فوقتاً ذکر کرتے رہیں تو یہ امر بھی اس کے لیے باعث افتخار ہوتا ہے۔

حمل عورت جدی مرد

آپ کے نت نئے منصوبے، رجعت پسند جدی خاوند کے ساتھ رہتے ہوئے مسائل پیدا کر سکتے ہیں۔ وہ عقاب کی نگاہ رکھتا ہے لہٰذا آپ کو ہر معاملے میں احتیاط برتنی ہے۔ اگر آپ گھریلو ماحول پرسکون رکھیں تو وہ گھر میں رہنا پسند کرتا ہے۔

برج حمل برج دلو کے ساتھ

حمل مرد دلو عورت

حمل مرد کی دلو بیوی اس کی طرح روشن خیال کی مالک ہوتی ہے، حقیقت پسند اور آزاد خیال ہوتی ہے۔ اور آپ کی طرف سے بھی اسی بات کی توقع کرتی ہے۔ آزادی پر قطعی سمجھوتہ نہیں کرتی۔ آپ کے لیے اپنی دلو شریک حیات کو سمجھنا انتہائی مشکل ہے۔ وہ اپنا ظاہر و باطن کبھی آپ پر عیاں نہیں کرتی۔ لیکن اکثر آپ کی ناقابل برداشت باتوں کو نظر انداز کر کے خوش وخرم ماحول قائم کرنے کی کوشش کرتی ہے۔

حمل عورت دلو مرد

آپ کی طرح آپ کا دلو خاوند منصوبہ بندی کا قائل اور مقابلے کا شائق ہے آپ کے سیکھنے کے لیے اس میں بہت کچھ ہے۔ آپ کا دلو مرد اپنی مصروفیات میں آپ کو اپنے ساتھ رکھنا پسند کرتا ہے۔ آپ کی محبت کا جواب محبت سے دیتا ہے، لیکن کبھی بھی دباؤ کی صورت میں بگڑ سکتا ہے۔ پھر بھی وہ آپ کے لیے ہمیشہ بااعتماد رہے گا۔

برج حمل برج حوت کے ساتھ

حمل مرد حوت عورت

حوت بیوی کی یہ خواہش رہے گی کہ وہ گھر پر حکمرانی کرے آپ اس کے ذہن سے بھی فائدہ اُٹھا سکتے ہیں وہ مخالفین میں آپ کا دفاع کرتی ہے اور ناراضگی کی صورت میں پس پردہ رہ کر غصہ نکالتی ہے۔ حمل مرد کو حوت کی اداکارانہ طبیعت کو سمجھنا مشکل ہے۔ لیکن آپ کی تھوڑی سی محبت اسے بہت خوش کر دیتی ہے۔

حمل عورت حوت مرد

حمل بیوی کے لیے حوت مرد کا خوابوں کی دنیا میں رہنا جھنجھلاہٹ کا باعث بنتا ہے۔ وہ عمل سے زیادہ سوچتا ہے۔ وہ آپ کی پریشانی میں آپ کا ساتھ تو دیتا ہے لیکن حل تلاش کرنا آپ کی ذمہ داری ہے۔ اگر آپ کاروبار وغیرہ میں حوت مرد کی مدد اور مناسب راہنمائی کا بیڑہ اُٹھائیں تو وہ خوشی محسوس کرے گا اور کامیابی اس کے قدم چومے گی۔

عبدالحی راٹھور
0346-4387682

ماہ مئی میں آپ کا ماہ کیسا گزرے گا

حمل

عرصہ حکومت	21مارچ تا20اپریل
منسوبی کوکب	مریخ
منسوبی حروف	ا،ل،ع،ی،ص

خوش قسمت اعداد	1'2'7'9
خوش قسمت پتھر	مرجان، یاقوت
خوش قسمت دن	ہفتہ، اتوار، منگل
خوش قسمت رنگ	لال، نارنجی، ہلکا آسمانی

یکم تا 8 اپریل

اس ہفتے ذرائع آمدن میں اضافہ ہوگا۔ کسی لاٹری وغیرہ سے بھی فائدہ مل سکتا ہے۔ اندرون ملک سفر کرنا آپ کے لیے پریشانی کا باعث بنے گا۔ ممکن ہے کہ آپ کا کسی کے ساتھ لڑائی جھگڑا ہو جائے اور سامان چوری ہونے کا اندیشہ بھی ہے۔ دوستوں کے ساتھ تعلقات وسیع ہوں گے۔ تعلیم و تربیت سے متعلقہ اُمور میں کامیابی حاصل ہوگی۔ صحت کا خاص طور پر خیال رکھیں۔ صحت بگڑ سکتی ہے۔ ادویات کے استعمال میں احتیاط برتیں۔ قانونی نوعیت کے مسائل درپیش ہیں تو رواں عرصے میں حل ہو جائیں۔ علاوہ ازیں اس حوالے سے جو بھی فیصلہ یا بابات کریں اس کو ہر پہلو سے دیکھ کر کریں۔ منگنی اور شادی بیاہ کرنے کے لیے یہ وقت بہتر نہیں۔

9تا16اپریل

آپ کے مختلف لوگوں کے بارے میں قائم نظریات میں تبدیلی رونما ہو سکتی ہے۔ انٹرنیٹ اور اس قسم کے دیگر ذرائع رسل سے آپ فائدہ اٹھانے میں کامیاب رہیں گے۔ یہ وقت اولاد کی طرف سے خوشی لے کر آئے گا۔ پیشہ ورانہ اُمور میں لاپرواہی اور غیر ذمہ دارانہ رویے کو کسی بھی صورت میں داخل نہ ہونے دیں۔ کیونکہ ان حرکتوں کی وجہ سے آپ کے خلاف سخت ایکشن لیا جا سکتا ہے۔ خوراک اور صحت کے معاملات کا خاص طور پر خیال رکھیں۔ خوراک کے سسٹم میں کوئی بڑی تبدیلی نہ کریں۔ یعنی اگر آپ موٹے ہیں تو پتلے ہونے کے لیے کوشاں نہ ہوں اور اگر پتلے یا کمزور ہیں تو صحت مند ہونے کے لیے غیر ضروری ادویات اور خوراک کا استعمال نہ کریں۔

17تا24اپریل

آپ کا برج؟

آپ کس برج کے تحت آتے ہیں یا کون سا برج آپ پر زیادہ اثر انداز ہو گا۔ یہ دیکھنے کے تین طریقے ہیں:......

☆ پہلا طریقہ یہ ہے کہ اپنی تاریخ پیدائش کے مطابق دیکھیں کہ کون سا برج آپ کا ہے۔ اگلے صفحات میں ہر برج کے ساتھ اس کا عرصہ حکومت بھی تحریر ہے۔

☆ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ دیکھیں آپ کا نام کس حرف سے شروع ہو رہا ہے۔ بس اس حرف سے متعلق برج سے حالات پڑھیں۔

☆ تیسرا طریقہ یہ ہے کہ اپنے نام اور والدہ کے اعداد دی گئی عددی جدول کی مدد سے نکالیں اور کل اعداد کو ۱۲ سے تقسیم کر دیں جو نمبر بچے گا وہی آپ کا برج ہوگا۔

عددی جدول

حروف	عدد
ا،ی،ق،غ	۱
ب،پ،ک،گ،ر،ژ	۲
ج،چ،ل،ش	۳
د،ڈ،م،ت،ٹ	۴
ھ،ن،ث	۵
و،س،خ	۶
ز،ژ،ع،ذ	۷
ح،ف،ض	۸
ط،ص،ظ	۹

مثال

اکبر ا ک ب ر
۱ ۲ ۲ ۲ =۷

رجعتِ کواکب

جو کواکب کی رجعت کا شکار ہوں وہ دی گئی عزیمت رجعت و نحوست سیارگان کو روزانہ گیارہ بار پڑھنا اپنا معمول بنالیں۔ اول آخر ۳ مرتبہ درود شریف بھی پڑھیں اور صدق دل سے اللہ سے دعا کریں۔ حسب گنجائش صدقہ دیں۔

يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ بِحَقِّ كٓهٰيٰعٓصٓ وَ بِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ قِنَا مِنْ نُحُوْسَةِ الْكَوَاكِبِ وَ رُجُوْعِهٖ وَوَبَالِهٖ وَسُوْءِ نَظْرِهٖ بِحَقِّ يَا اللّٰهُ يَا اَحَدُ يَا صَمَدُ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَآلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ۔

وہ افراد جو نوکری کی تلاش میں ہیں جاری کو ابھی صورت حال کے تحت کہا جاسکتا ہے کہ آپ کو اس مقصد میں کامیابی نہ مل سکے گی۔ آپ نوکری کے علاوہ کسی اور ذرائع سے آمدن حاصل کر کے گھریلو حالات بہتر رکھنے میں کامیاب رہیں گے۔ اپنے غیر ضروری اخراجات میں بھی کمی لائیں۔ اپنے دشمنوں سے خائف تھے یاد رہے ہوئے تو اس ہفتے میں اللہ کی مدد سے اپنے دشمنوں کو مناسب جواب دینے کی پوزیشن میں ہوں گے اور ان پر غالب رہیں گے۔ وراثتی اُمور کا فیصلہ التواء کا شکار ہے تو اس کے حل کی کوئی صورت حال سامنے نہیں آئے گی اور معاملات اُلجھے رہیں گے۔ خط وکتابت اور نیٹ کا استعمال رواں دنوں میں کم رہے گا۔

25تا30اپریل

آپ کی اکثر خواہشات عملی شکل اختیار کرتی نظر آ رہی ہیں۔ بڑے بہن بھائیوں اور یار دوستوں سے ملنا جلنا ہوگا۔ نیز اگر وہ کسی مسئلے یا پریشانی کا شکار ہوتے ہیں تو آپ ان کی مدد کریں گے۔ اندرون شہر سفر کے دوران اپنے سامان کی حفاظت کریں، چوری ہونے کا اندیشہ ہے۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند ثابت نہ ہوگا۔ کسی کام کے سلسلے میں یا عمرہ کرنے کے لیے بیرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو وہ ممکن ہے۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ شریک حیات گھر کی تزئین و آرائش پر بھی توجہ دے گی۔ ننھیالی رشتے داروں سے ملنا جلنا کم رہے گا۔ اگر ان سے وابستہ کوئی کام ہے تو وہ بھی التواء کا شکار رہے گا۔

سعد تاریخیں	3-9-18-22
نحس تاریخیں	6-27
لکی نمبر	9-4

عرصہ حکومت	21اپریل تا20 مئی
منسوبی کوکب	زہرہ
منسوبی حروف	ب،و
خوش قسمت اعداد	9،6،3
خوش قسمت پتھر	ہیرا، نیلم
خوش قسمت دن	جمعرات، جمعہ، ہفتہ
خوش قسمت رنگ	سفید، لائٹ بلیو

یکم تا 8 اپریل

وراثتی اُمور کا فیصلہ التواء کا شکار ہے تو رواں عرصے میں وہ حل ہو جائے گا۔ انعامی سکیمیں، بانڈ، لاٹری وغیرہ کھیلتے ہیں تو آپ کوئی خاص فائدہ حاصل نہ کر سکیں گے، صرف پیسے کا ضیائع ہوگا۔ رات کو سوتے میں آپ کو اکثر برے خواب آئیں گے اور آپ جاگ جائیں گے۔ صحت بہتر رہے گی اور خوراک کی طرف خاص توجہ رہے گی۔ داماد کے ساتھ ملاقات ہو گی۔ آپ کا مزاج خوشگوار رہے گا۔ لوگوں کے ساتھ خوش مزاجی کے ساتھ ملیں گے۔ مخالف اور دشمن آپ کو نقصان پہنچانے کی ہر ممکن کوشش کریں گے۔ رشتہ داروں اور بہن بھائیوں سے ملنا جلنا ہوگا اور آپ کے ان پر اخراجات بھی ہوں گے۔

9تا16اپریل

خاندان کے اندر افراد خانہ کے ساتھ حالات کو بہتر بنانے اور گھر کو پُرسکون جگہ بنانے کے لیے کام کرنا مناسب ہوگا۔ ذاتی کاروبار سے منسلک افراد کو کام کے حوالے سے ناکامی کا سامنے ہوگا۔ اس کے پیش نظر آپ کو چاہیے کہ کوئی نئی اسکیم بنائیں، تاکہ مزید ناکامی سے بچ سکیں۔ روزگار کی تلاش میں ہیں تو اس کے لیے شدید محنت کرنا ہوگی، تاہم کی گئی محنت اپنا ثمر بھی دے گی۔ اولاد سے متعلق معاملات توجہ طلب ہوں گے اس لیے بہتر ہے کہ بچوں کی مناسب راہنمائی کے لیے اپنی مصروفیات میں سے وقت نکال کر ان کی طرف دھیان دیں۔ آپ اپنے پاؤں محبت اور رومانس جیسے کاموں میں سے نکال لیں گے۔ حکومتی عہدیداروں سے وابستہ کام حل ہونے کے امکانات نظر نہیں آ رہے۔

17تا24اپریل

مال کے لین دین کے معاملات میں خاص طور پر محتاط رہیں۔ قانونی معاملات کسی بھی سمجھدار وکیل کے مشورے کے بغیر مت طے کریں۔ پیشہ وارانہ اُمور میں کسی قدر کامیابی کی توقع ہے۔ تاہم یہ صرف محنت اور مسلسل محنت کے باعث ہی ممکن ہے۔ اس عرصے کے دوران اخراجات میں اضافہ ہوگا۔ ممکن ہے کہ یہ اخراجات اولاد اور شریک حیات پر ہوں۔ انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ بہتر نہ ہوگا۔ آپ کو چاہیے کہ ہر مسئلہ کو اس کے حساب سے حل کرنے کی کوشش کریں، تاکہ آپ کا کام بھی ہو جائے اور لوگوں کے ساتھ تعلقات بھی اپنی جگہ پر قائم رہیں۔ آپ کے ازدواجی معاملات تناؤ کا شکار رہیں گے اور ممکن ہے کہ اس کا بُرا اثر اولاد پر پڑے۔

25تا30اپریل

اولاد جوان ہے یا قابو سے باہر ہے تو ان سے معاملہ کرتے وقت دھیان کریں، ورنہ بات بڑھ جائے گی اور بدمزگی میں اضافہ ہوگا۔ حکومتی عہدیداروں کو خوش رکھیں اور ان سے ملنا جلنا رکھیں، کیونکہ آپ کو ان سے اس ہفتہ میں کام پڑے گا۔ انعامی سکیمیں، پیچ اور بانڈ وغیرہ میں اپنا وقت اور پیسہ ضائع نہ کریں، کیونکہ آپ کوئی بڑا انعامی حاصل کرنے میں کامیاب نہ ہو سکیں گے۔ پرانے دوست سے ملاقات کے امکانات ہیں اور نئے دوست بھی بنائیں گے۔ شادی بیاہ میں شرکت کم رہے گی جس کی وجہ سے خاندان کے لوگ گرمی کھائیں گے۔ انشورنس کے اُمور میں آپ کی دلچسپی رہے گی اور آپ اپنی کئی قیمتی اشیاء کی انشورنش بھی کروا سکتے ہیں۔ سواری یا گھر خریدنے کے حوالے سے یہ وقت مناسب نہیں ہے۔

سعد تاریخیں	16-20-24-25
نحس تاریخیں	1-8-9-29
لکی نمبر	7-0

عرصہ حکومت	21 مئی تا 20 جون
منسوبی کوکب	عطارد
منسوبی حروف	ک، ق
خوش قسمت اعداد	9'5'1
خوش قسمت پتھر	زمرد، پکھراج
خوش قسمت دن	منگل، بدھ، جمعرات
خوش قسمت رنگ	سبز، پیلا، بسنتی

یکم تا 8 اپریل

گھر کی تزئین و آرائش پر آپ کی توجہ کم رہے گی۔ صحت کے حوالے سے آپ کو پریشانی کا سامنا رہے گا۔ اس عرصے میں آپ بیماری سے پوری طرح باہر نہ آسکیں گے۔ کاروبار سے وابستہ افراد کے لیے یہ وقت بہتر ہے۔ ان کے کام میں اضافہ ہوگا۔ وہ افراد جن کی فیکٹری وغیرہ ہے ان کو مزید آرڈر ملیں گے۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات خوشگوار رہیں گے۔ اپنے مسائل کے حوالے سے شریک حیات سے مشورہ کریں، ممکن ہے کہ بہتر حل مل جائے۔ ڈرائیونگ کرتے وقت اور سڑک پر پیدل چلتے وقت احتیاط کریں، حادثہ کا اندیشہ ہے جس میں آپ کو چوٹیں لگ سکتی ہیں۔ خفیہ دشمنوں سے آپ کو کسی پریشانی کا اندیشہ نہیں ہے۔ بلکہ آپ اپنے دشمنوں پر حاوی رہیں گے۔

9 تا 16 اپریل

نوکری کی تلاش میں یا اگر ملازمت کر رہے ہیں تو دفتر والوں کے کام کے سلسلے میں اندرون ملک سفر ممکن ہے۔ علاوہ ازیں بہن بھائیوں اور رشتے داروں سے ملنے ملانے کے لیے اندرون شہر بھی سفر ہو گا۔ قانونی نوعیت کے کسی بھی کام کے حوالے سے کسی لائق وکیل سے مشورہ ضرور لیں۔ مذہبی زیارتیں رواں دنوں میں کم رہیں گی۔ کسی نئی جگہ پر بھی جائیں گے تو آپ لوگوں کی نظر میں عزت کا مقام بہت جلد حاصل

کرلیں گے۔ انعامی سکیمیں اور لاٹری وغیرہ کھیلتے ہیں تو انعام حاصل کرتے نظر آ رہے ہیں۔ (نمبروں کے سلسلے میں آپ ہمارے ادارے سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔ آپ کی بہتر راہنمائی کی جائے گی)۔

17 تا 24 اپریل

شریک حیات کے ساتھ پیار و محبت بڑھے گا۔ علاوہ ازیں شریک حیات کے ساتھ سیر و تفریح کے لیے بھی جائیں گے۔ نئے شادی شدہ جوڑوں کو ایک دوسرے کو سمجھنے کے لیے یہ وقت مناسب ہے۔ خاندان اور عمر میں بڑے لوگوں کی اُمیدوں پر آپ پورا نہ اُتر سکیں گے۔ صحت کے حوالے سے لاپرواہی برتیں گے، جس کی وجہ سے آپ بیماری کا شکار ہو جائیں گے۔ اپنے اور اولاد کے کپڑوں کی خریداری کرتے نظر آ رہے ہیں۔ زمین و جائیداد اور دوسری قیمتی اشیاء کی خرید و فروخت کے حوالے سے یہ وقت مناسب نہیں ہے۔ دماغی بے چینی اور خوف کا شکار ہیں تو وہ دور ہو جائے گا۔ اس وقت ملازمین پر ضرورت سے زیادہ اعتبار صحیح نہیں ہے۔

25 تا 30 اپریل

اپنے کسی ذاتی کام کے سلسلے میں اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو یہ وقت مناسب نہیں ہے۔ انٹرلیول اور اس سے کم درجے کی تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کو چاہیے کہ تعلیم کی طرف بھرپور توجہ دیں۔ امتحان نزدیک ہے یا ہو رہے ہیں تو خیالی پلاؤ پکانے کی بجائے پڑھائی کی طرف توجہ دیں۔ کاروبار سے وابستہ افراد کے لیے کاروباری حوالے سے یہ وقت بہتر ہے، ان کے کام میں بہتری آئے گی۔ مال اور اشیاء کی لین دین کے حوالے سے بھی بہتر وقت ہے۔ اپنا مال رفاعی کاموں میں خرچ کریں گے۔ نکاح، منگنی وغیرہ اگر اس عرصے میں ہوتی ہے تو وہ کامیاب ثابت ہو گی۔ رواں دنوں میں آپ اپنی عقل کا استعمال ضرورت کے مطابق کرتے نظر نہیں آ رہے، مثلاً گھریلو مسائل کا فیصلہ وغیرہ۔

سعد تاریخیں	9-22-27

نحس تاریخیں	3-4-11
لکی نمبر	8-4

عرصہ حکومت	21 جون تا 22 جولائی
منسوبی کوکب	قمر
منسوبی حروف	ح، ہ
خوش قسمت اعداد	8'6'2
خوش قسمت پتھر	سفید موتی، ہیرا، مرجان
خوش قسمت دن	پیر، منگل، جمعہ
خوش قسمت رنگ	سفید، بسنتی، پیلا

یکم تا 8 اپریل

اندرون ملک تجارت کے حوالے سے یہ وقت مناسب نہیں ہے۔ صحت زیادہ خراب ہے تو طبی علاج کے ساتھ ساتھ روحانی علاج بھی کروائیں۔ ممکن ہے کہ آپ پر جادو کیا گیا ہو (روحانی علاج کے سلسلے میں آپ ہمارے ادارے سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں)۔ آپ کا رجحان مذہبی کاموں نماز، پرہیز، زکوۃ وغیرہ میں زیادہ رہے گا۔ اپنے دوستوں سے ملنا جلنا ہو گا اور آپ کے ان پر اخراجات بھی ہوں گے۔ آپ کے مالی حالات بہتر رہیں گے۔ اشیاء کی خرید و فروخت کرنا فائدہ مند ثابت ہوگا۔ انعامی سکیمیں کھیلنے کے لیے یہ وقت مناسب نہیں، کیونکہ آپ کوئی خاص کامیابی حاصل نہ کر سکیں گے۔ قانونی نوعیت کے مسائل درپیش ہیں تو اس میں آپ کے اخراجات بھی ہوں گے اور کوئی خوشخبری بھی سننے کو نہ ملے گی۔

9 تا 16 اپریل

خاندانی یا ذاتی زمینیں ہیں تو وہاں سے آمدن آتی نظر آ رہی ہے۔ وہ افراد جو کرایہ داروں کی تلاش میں ہیں ان کو بھی بہتر کرایہ دار مل جائیں گے۔

ملازمین پرضرورت سے زیادہ اعتبار نہ کریں۔ وہ آپ کو چکر بھی دینے کی کوشش کریں گے۔ ہمسایوں کے ساتھ منہ ماری ہوگی۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے یا نوکری کے سلسلے میں بیرون ملک جانا چاہتے ہیں تو یہ وقت مناسب ہے اپنا ویزہ اپلائی کر دیں۔ تعلیمی حوالے سے یا قانونی نوعیت کے معاملات میں اگر آپ اپنے بہن بھائیوں سے مدد مانگتے ہیں تو وہ آپ کی مدد ضرور کریں گے۔

17 تا 24 اپریل

نوکری کی تلاش میں ہیں تو کوشش جاری رکھیں، مزید یہ کہ اس جگہ پر بھی ملازمت کے لیے ضرور کوشش کریں، جہاں خاندان کا کوئی فرد پہلے بھی نوکری کر رہا ہو۔ آپ کی یہ محنت اپنا ثمر ضرور دے گی۔ حکومتی عہدیداروں سے وابستہ کام کچھ لیے دیئے بغیر حل نہ ہو سکیں گے۔ ساس کے ساتھ تعلقات خوشگوار رہیں گے۔ خفیہ دشمن اور مخالف آپ کے خلاف سازشیں کرتے رہیں گے۔ شادی بیاہ اور دعوتوں میں آپ کی شرکت کم رہے گی۔ آپ اپنے اُستاد اور پیر سے ملاقات کریں اور اپنے مسائل ان کو بیان کریں، بہتر مشورہ ملے گا۔ تجارت یا رہائش کے لیے اندرون ملک سفر کرنا حسب خواہش نتائج نہ لائے گا۔

25 تا 30 اپریل

آپ کے فضول اخراجات میں اضافہ ہوتا نظر آ رہا ہے۔ جس کی وجہ سے آپ کو مالی پریشانی کا سامنا ہوگا۔ قانونی نوعیت کے مسائل درپیش ہیں تو فیصلہ آپ کے مخالف ہوگا۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلتے ہیں تو آپ کو کامیابی ملتی نظر آ رہی ہے۔ پہلے چند دنوں میں اگر آپ کی کوئی شے گم ہوئی تھی یا کسی کو دی تھی تو وہ واپس مل جائے گی۔ وراثتی جائداد کا فیصلہ التواء کا شکار ہے تو اس عرصے میں بھی حل کی کوئی صورت نظر نہیں آ رہی ہے۔ آپ کو چاہیے کہ اپنا انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ بہتر رکھیں، ورنہ لڑائی جھگڑا ہو سکتا ہے۔ وہ افراد جو دوسری شادی کے خواہش مند ہیں ان کے لیے اس عرصے میں رشتے آئیں گے۔

قرضہ لینا چاہتے ہیں تو کوشش کریں، آپ کو کامیابی ملتی نظر آ رہی ہے۔

سعد تاریخیں	16-20-24-25
نحس تاریخیں	6-13-14
لکی نمبر	2-6

اسد

عرصہ حکومت 23	جولائی تا 23 اگست
منسوبی کوکب	شمس
منسوبی حرف	م
خوش قسمت اعداد	9'6'5'1
خوش قسمت پتھر	یاقوت' مرجان
خوش قسمت دن	اتوار' منگل' بدھ
خوش قسمت رنگ	سنہرا' سبز' سرخ

یکم تا 8 اپریل

گھریلو ماحول ٹھیک نہ ہوگا۔ چھوٹی سے چھوٹی بات پر بھی اختلاف ہوگا۔ والدہ کا مزاج تلخی آمیز رہے گا۔ آپ عزت و وقار اور پیار محبت سے دوسروں کے ساتھ پیش آئیں گے۔ بچوں کی وجہ سے آپ کی عزت میں اضافہ ہوگا۔ کاروباری معاملات کو بہتر طریقہ سے سرانجام دے پائیں گے۔ جس کی وجہ سے آپ کو فوائد کا حصول ہوگا۔ ساس کے ساتھ گھریلو معاملات پر اختلاف رہے گا۔ گھریلو زندگی تنگی اور پریشانی کا شکار رہے گی۔ بیرون ملک سفر کی خواہش رکھنے والوں کو اس عرصے میں سفر سے گریز کرنا چاہیے۔ ہمسایوں کے ساتھ آپ کے تعلقات خوشگوار رہیں گے۔

9 تا 16 اپریل

اس عرصہ میں آپ کا زور اس طرف رہے گا کہ کیسے آپ اپنی خواہشات کو پورا کر سکتے ہیں؟ اس کے لیے آپ عقل' محبت اور طاقت کا استعمال کریں گے۔ اس حوالے سے آپ کے دوست آپ کے لیے بہت مددگار ثابت ہوگا۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں خرابی آتی نظر آ رہی ہے۔ اس کی وجہ آپ کا شریک حیات کی ہر چھوٹی سے چھوٹی بات میں نقص نکالنا ہوگی۔ ساتھ کام کرنے والوں کے ساتھ آپ کی کھٹ پٹ ہوگی۔ وہ آپ کے حسب خواہش کام نہ کریں گے۔ اس عرصہ میں زیادہ تر آپ جلد بازی کا مظاہرہ کریں گے۔ دوسروں سے آپ کی توقعات زیادہ رہیں گی۔ معاشرے میں اپنی پوزیشن اور روزگار کے حوالے سے سنجیدہ اور مستحکم رویہ رہے گا۔

17 تا 24 اپریل

معاشرے کے معززین آپ کی بات کو اچھے طریقے سے سمجھ کر آپ کی مدد کریں گے۔ سسرالی رشتے داروں کے ساتھ تعلقات خوشگوار رہیں گے۔ شریک کار اور شریک حیات آپ کی خواہشات اور کاموں کو پورا کرنے میں مددگار ثابت ہوں گے۔ بڑے، بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں تلخی رہے گی اور اس میں آپ کے انداز گفتگو کا ہاتھ بھی ہوگا۔ ڈرائیونگ کے دوران احتیاط کا مظاہرہ کرنا ہوگا، ورنہ دوسری صورت حادثہ ہے۔ مالی معاملات میں تنگی رہے گی۔ اولاد کی طرف توجہ رہے گی، اور ان کی بہتر پرورش کے لیے کوشاں رہیں گے۔

25 تا 30 اپریل

اس عرصہ میں آپ کے اخراجات آپ کی آمدنی اور جمع پونجی کو ختم کرنے میں لگے ہوں گے۔ آمدن کے حصول میں آپ کو دشواریاں پیش آئیں گی۔ آپ کا رجحان اعلیٰ تعلیم کے حصول کی طرف رہے گا۔ اس سلسلے میں آپ دوسروں سے رابطے کریں گے۔ اساتذہ آپ کے ساتھ شفقت سے پیش آئیں گے۔ خواہشات پوری کرنے کے لیے ضرورت سے زائد اخراجات کرنے پڑیں گے۔ شریک کار کے ساتھ اپنے معاملات کو بہتر انداز میں چلانے کا موقع ملے گا۔ شادی شدہ لوگوں کے تعلقات شریک حیات سے بہتر ہو جائیں گے۔ ذاتی سواری کے حصول میں مشکلات کا

سامنا کرنا پڑے گا۔ اگر پرانی سواری بیچ کر نئی لینا چاہتے ہیں تو اس میں گھاٹا پڑ جائے گا۔

سعد تاریخیں	4-13-18-22
نحس تاریخیں	8-9-29
لکی نمبر	4-9

عرصہ حکومت	24 اگست تا 22 ستمبر
منسوبی کوکب	عطارد
منسوبی حروف	پ، غ
خوش قسمت اعداد	6'5'3
خوش قسمت پتھر	پنا، پکھراج، ہیرا
خوش قسمت دن	بدھ، جمعرات، جمعہ
خوش قسمت رنگ	سبز، پیلا، سفید

یکم تا 8 اپریل

رواں عرصے میں آپ چھوٹی سے چھوٹی بات لے کر پریشان ہو جائیں گے۔ جس کی وجہ سے آپ دماغی طور پر حاضری کا مظاہرہ نہ کر پائیں گے۔ گھریلو معاملات بہتری کی شکل اختیار کریں گے۔ وہ لوگ جو رشتہ ڈھونڈنے کی کوشش کر رہے ہیں، اپنی کوشش جاری رکھیں، کیونکہ اس عرصے میں اچھی، خوبصورت اور مالی لحاظ سے بہتر شریک حیات ملنے کی توقع ہے۔ آپ کے ساتھ کوئی حادثہ بھی ہو سکتا ہے، جس میں چوٹ لگنا کا اندیشہ ہے۔ مقدمات کا فیصلہ آپ کے حق میں ہو گا۔ چھوٹے بہن بھائیوں کے ساتھ لڑائی جھگڑے ہوں گے۔ بچوں سے زیادہ پیار و محبت کریں گے۔ اُمیدوں اور خواہشات اس حد تک پوری نہ ہو سکیں گے جہاں تک آپ نے سوچ رکھا ہے۔

9 تا 16 اپریل

اپنے کھانے پینے کے معاملات پر کنٹرول رکھیں۔ مالی لحاظ سے یہ عرصہ فائدہ مند ہو سکتا ہے۔ اس کے علاوہ اچانک دولت کا حصول بھی ممکن ہے۔ اخراجات میں کمی آئے گی۔ بانڈ، ریس، لاٹری وغیرہ جیسی چیزوں کی طرف بھی کافی دھیان رہے گا۔ والدہ کی صحت کا خیال رکھیں۔ قریبی رشتے داروں یا ہمسایوں کی وجہ سے پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ذاتی کاروبار سے منسلک افراد کو میرا مشورہ ہے کہ فی الحال وہ کاروبار میں مزید پیسہ نہ لگائیں، کیونکہ ابھی پیسہ لگانا، پیسہ ضائع کرنے والا ہی کام ہے۔ موسیقی وغیرہ سے لطف اندوز ہوں گے۔ دوسرے لوگوں کی توجہ کا مرکز بنیں گے۔

17 تا 24 اپریل

رواں عرصہ میں آپ کو گھریلو سکون میسر رہے گا۔ وہ افراد جو رشتے کی تلاش میں ہیں ان کو چاہیے کہ ان دنوں میں اپنی کوشش کو جاری رکھیں بلکہ یوں کہوں گا کہ کوششوں کو تیز کر دیں، کیونکہ آپ کو اس عرصہ میں خوبصورت، مہذب اور مالی لحاظ سے بہتر شریک حیات ملنے کی توقع ہے۔ حکومتی اداروں سے وابستہ کام حل ہوتے نظر نہیں آ رہے، نہ ہی کام کے حل کرانے میں آپ کوئی دلچسپی کا مظاہر کر رہے ہیں۔ وراثتی اُمور کا فیصلہ رواں دنوں میں ہوتا ہے تو وہ آپ کی خواہش کے مطابق نہ ہو گا۔ کاروبار کے سلسلے میں اندرون ملک سفر کرنا فائدہ مند ثابت نہ ہو گا۔ نئی سواری خریدنا چاہتے ہیں تو مناسب قیمتوں پر بہتر چیز مل جائے گی۔

25 تا 30 اپریل

آپ کو اپنے خفیہ دشمنوں کی طرف سے کافی تنگی ملے گی۔ بیرون ملک سفر کے حوالے سے آپ کو مسائل کا سامنا ہو گا۔ ننھیالی رشتے داروں سے وابستہ کام حل ہو جائیں گے۔ نیز اسی حوالے سے والدہ کا تعاون بھی ملے گا۔ گھریلو ماحول خوشگوار رہے گا۔ شریک حیات کے ساتھ بھی اچھا وقت گزرے گا اور باہم سیر و تفریح کے لیے بھی جائیں گے۔ وہ ملازمت پیشہ افراد جو بہتر نوکری کی تلاش میں ہیں یا ترقی کے خواہش مند ہیں ان کی یہ خواہش پوری نہ ہو سکے گی۔ رواں دنوں میں آپ کو ہائی بلڈ پریشر رہے گا۔ اس کی وجہ ذہنی پریشانی ہو گی۔ شراکتی کاروبار سے وابستہ افراد کے لیے یہ بہتر وقت ہے۔ شریک کار کی طرف سے بھی مالی فائدہ ملتا نظر آ رہا ہے۔

سعد تاریخیں	16-20-24-25
نحس تاریخیں	3-4-11
لکی نمبر	6-7

عرصہ حکومت	23 ستمبر تا 23 اکتوبر
منسوبی کوکب	زہرہ
منسوبی حروف	ت، ط
خوش قسمت اعداد	9'6'4'1
خوش قسمت پتھر	ہیرا، سفید موتی
خوش قسمت دن	جمعہ، اتوار، منگل
خوش قسمت رنگ	پیلا، نارنجی، گندمی

یکم تا 8 اپریل

رواں دنوں میں آپ کو مالی مسائل کا سامنا رہے گا۔ خفیہ دشمنوں کی طرف سے سازشوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ صحت میں بہتری آئے گی، لیکن چند ایک مسائل کی وجہ سے آپ ذہنی پریشانی کا شکار رہیں گے۔ اس عرصہ میں آپ اپنی ذات پر خاص توجہ دیں گے۔ علاوہ ازیں اپنے اوپر اخراجات بھی کریں گے۔ اندرون ملک سفر کے لیے جانا چاہتے ہیں تو یہ وقت بہترین ہے۔ اندرون شہر رشتے داروں اور یار دوستوں سے ملنے کے لیے بھی جائیں گے۔ قانونی معاملات کا فیصلہ آپ کے حق میں ہوتا نظر آ رہا ہے۔ وہ افراد جو شراکتی کاروبار شروع کرنا چاہتے ہیں ان کو چاہیے کہ اس ہفتے اس کی ابتداء نہ کریں۔

9 تا 16 اپریل

آپ کی خواہشات اور تمنائیں پوری ہوتی نظر آ رہی ہیں۔ ملازمت پیشہ افراد کے لیے بھی یہ بہتر وقت ہے۔ وہ افراد جو نوکری تلاش کر رہے ہیں ان کو چاہیے کہ اپنی کوشش جاری رکھیں ان کو اپنی محنت کا ثمر ضرور ملے گا اور وہ افراد جو ترقی کے خواہش مند ہیں ان کی خواہش بھی پوری ہوتی نظر آ رہی ہے۔ انعامی سکیمیں یا بانڈ وغیرہ کھیلتے ہیں تو کوئی بڑا انعام حاصل نہ کر پائیں گے۔ وہ افراد جو بیرون ملک سفر کرنے کے لیے کوشش کر رہے ہیں، رواں دنوں میں ان کی محنت رنگ لاتی نظر نہیں آ رہی۔ والدہ کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ پُرسکون گھریلو ماحول میسر رہے گا۔

17 تا 24 اپریل

جن لوگوں کے وراثت کے معاملات التواء کا شکار تھے ان کو اسی عرصے میں اپنے وراثتی معاملات کو نتیجہ خیز انجام تک پہنچانے کا موقع ملے گا۔ رواں دنوں میں آپ کی توجہ اپنی ذات کی طرف زیادہ رہے گی۔ اس عرصہ میں آپ کے دشمن اور مخالف آپ کو نقصان پہنچانے کی ہر ممکن کوشش کریں گے۔ اندرون ملک سفر کے لیے جائیں گے۔ یہ سفر سیر و تفریح کے لیے بھی ہو سکتا ہے اور نوکری یا کسی کام کے سلسلے میں بھی۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کو چاہیے کہ وقت کا ضیائع مت کریں اور اپنی تعلیم کی طرف توجہ دیں۔ آپ کا انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ ضرورت کے مطابق نہ ہوگا۔ زبان کا استعمال سوچ سمجھ کر کریں، ورنہ معاملات خراب ہو سکتے ہیں۔

25 تا 30 اپریل

آپ کے اخراجات میں غیر ضروری اضافہ ہوتا نظر آ رہا ہے اور زیادہ تر اخراجات آپ اپنی خواہشات کو پورا کرنے کے لیے کریں گے۔ صحت کے حوالے سے پریشانی دور ہو جائے گی اور صحت میں بہتری آئے گی۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلتے ہیں تو آپ انعام حاصل کرنے میں کامیاب رہیں گے۔ بیرون ملک سفر کرتے ہیں تو آپ کو نقصان کا سامنا ہوگا۔ سیر و تفریح کے لیے جانا چاہتے ہیں تو یہ عرصہ مناسب نہیں ہے۔ رشتے داروں سے ملنا جلنا رہے گا۔ اولاد آپ کے حکم کی تعمیل کرے گی اور اگر اولاد جوان ہے تو ان کی وجہ سے مالی حالات میں بہتری آئے گی۔

سعد تاریخیں	4-9-22
نحس تاریخیں	6-13-14
لکی نمبر	3-8

عرصہ حکومت	24 اکتوبر تا 22 نومبر
منسوبی کواکب	مریخ، پلوٹو
منسوبی حروف	ذ، ز، ض، ظ، ن
خوش قسمت اعداد	8'3'2'1
خوش قسمت پتھر	مرجان، روبی
خوش قسمت دن	اتوار، پیر، منگل، جمعرات
خوش قسمت رنگ	لال، سفید، کریم کلر

یکم تا 8 اپریل

کاروباری معاملات میں وقتاً فوقتاً بہتری آئے گی۔ آپ اپنے غیر ضروری اخراجات پر قابو پانے میں کامیاب رہیں گے۔ صحت میں خرابی متوقع ہے۔ سیر و تفریح کی طرف رجحان رہے گا۔ موسیقی کا شوق بڑھے گا۔ مالی لحاظ سے یہ عرصہ بہتر ثابت ہوگا۔ جوئے وغیرہ کے ذریعے دولت کا حصول ہو سکتا ہے۔ سخت مزاج رہیں گے۔ دشمنوں سے بدلہ لینے کے پلان بناتے رہیں گے۔ لڑائی جھگڑا بھی ہوگا۔ اس میں آپ کو بھی چوٹ لگنے کا اندیشہ ہے۔ آپ اپنی خواہشات کو پورا کرنے کی طرف توجہ دیں گے اور اس کے لیے آپ سخت محنت بھی کریں گے۔ لیکن فی الحال اتنا اچھا رزلٹ نہیں آئے گا۔ وہ لوگ جو انٹر اور اس سے اوپر لیول کی تعلیم حاصل کر رہے ہیں ان کے لیے اچھا وقت ہے، اور وہ اپنی تعلیم کی طرف دھیان دیں گے۔

9 تا 16 اپریل

رواں دنوں میں کوکبی پوزیشن کاروباری حضرات کے لیے بہت بہتر ہے۔ ان کو اپنے کام سے بہت فائدہ ہوتا نظر آ رہا ہے۔ معاشرے میں عزت و مقام رکھنے والے افراد آپ کے لیے فائدہ مند ثابت ہوں گے۔ گھریلو معاملات میں تھوڑا تناؤ رہے گا۔ سواری خریدنا چاہتے ہیں تو اس کام کے لیے یہ وقت بہتر نہیں ہے۔ نہ ہی آپ کو اپنی اُمید کے مطابق چیز مل سکے گی۔ اولاد آپ کی عزت میں اضافہ کا باعث بنے گی۔ شادی بیاہ اور دوسری تقریبات میں آپ کی شرکت رہے گی۔ بڑے بہن بھائیوں اور یار دوستوں کے ساتھ معاملات میں خرابی آئے گی۔ ان سے

وابستہ کام بھی حل نہ ہوسکیں گے۔

17 تا 24 اپریل

رواں دنوں میں آپ کے مالی حالات میں مزید بہتری آئے گی۔ لیکن اس کے ساتھ ہی ساتھ آپ کے اخراجات میں بھی اضافہ ہوتا نظر آ رہا ہے۔ وہ افراد جو رشتے کی تلاش میں ہیں ان کے پاس اچھے رشتے آئیں گے۔ آپ کی طرف سے انکار ہوسکتا ہے۔ مال کی لین دین کے دوران احتیاط کریں۔ ممکن ہے آپ کے ساتھ دھوکا اور سازش کی جائے۔ آپ اپنی خواہشات کو پورا کرنے کے لیے کافی کوشش کریں گے۔ لیکن پھر بھی آپ کو کوئی خاص کامیابی نہ مل پائے گی۔ دوران ڈرائیونگ اور پیدل چلتے وقت احتیاط کریں، حادثہ کا اندیشہ ہے۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلتے ہیں تو آپ انعام حاصل کرنے میں کامیاب رہیں گے۔

25 تا 30 اپریل

کاروباری افراد کے لیے یہ عرصہ کام کے حوالے سے پریشانی لے کر آ رہا ہے۔ انہیں کاروبار میں نقصان کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اگر آپ قرضہ لے کر بھی کاروبار میں پیسے لگاتے ہیں تو وہ ضائع ہی ہوں گے۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلتے ہیں تو آپ انعام حاصل کرنے میں کامیاب رہیں گے۔ جس کی وجہ سے آپ کے مالی حالات میں بہتری آئے گی۔ یار دوستوں کے ساتھ ملنا جلنا کم رہے گا۔ رواں دنوں میں آپ کو گھریلو سکون میسر رہے گا۔ علاوہ ازیں والدہ بھی آپ سے خوش رہیں گی۔ آپ کی اولاد بھی مختلف کاموں میں آپ کا ہاتھ بٹائے گی اور آپ کی پریشانیوں کو کم کرنے کی کوشش کرے گی۔ آپ کی اکثر خواہشات پوری ہوتی نظر آ رہی ہیں۔

سعد تاریخیں	20-24-25
نحس تاریخیں	1-8-9-29
لکی نمبر	0-7

عرصہ حکومت	23 نومبر تا 21 دسمبر
منسوبی کوکب	مشتری
منسوبی حرف	ف
خوش قسمت اعداد	5'3'1
خوش قسمت پتھر	پکھراج، پنا، روبی
خوش قسمت دن	بدھ، جمعرات، اتوار
خوش قسمت رنگ	پیلا، ہلکا زرد

یکم تا 8 اپریل

ان دنوں میں آپ کے فضول اخراجات میں اضافہ ہوتا نظر آ رہا ہے۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلتے ہیں تو اس میں بھی کوئی کامیابی حاصل ہوتی نظر نہیں آ رہی ہے۔ بڑے، بہن بھائیوں اور ننھیالی رشتے داروں کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ ان سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ بھی حل ہو جائیں گے۔ خفیہ دشمن اور مخالف آپ کے کاموں میں ٹانگ اڑانے کی کوشش کریں گے۔ آپ کو نقصان پہنچانے کی ہر ممکن کوشش کریں گے۔ ان کو اپنے مقصد میں کافی حد تک کامیابی ملے گی۔ جائیداد، گاڑی وغیرہ کا سودا کرنا یا بیچنا چاہتے ہیں تو یہ وقت مناسب ہے، آپ کو بہتر قیمت مل جائے گی۔

9 تا 16 اپریل

بیرون ملک سفر کے خواہش مند لوگوں کے لیے یہ وقت بہتر ہے ان کو چاہیے کہ ویزے کے لیے اپلائی کر دیں۔ رواں دنوں میں گھریلو حالات خوشگوار رہیں گے۔ آپ کو گھریلو سکون بھی میسر رہے گا۔ حکومتی عہدیداروں سے وابستہ کام حل نہ ہوسکیں گے۔ وہ ملازمت پیشہ افراد جن کو ترقی ملنے کے امکانات ہیں، یہ خوشخبری ان کو رواں عرصے میں نہ ملے سکے گی۔ آپ اپنا مال رفاہی کاموں میں خرچ کریں گے۔ والدہ کے ساتھ تعلقات خوشگوار رہیں گے۔ کاروبار کے سلسلے میں اندرون ملک سفر کرنا فائدہ مند ثابت نہ ہوگا۔

17 تا 24 اپریل

اس عرصہ میں آپ کی توجہ زیادہ تر اپنی ذات پر رہے گی۔ جس کی وجہ سے آپ کے اپنے شریک حیات کے ساتھ تعلقات خراب ہوں گے۔ آپ اپنی خواہشات کو پورا کرنے کے لیے محنت کریں گے، اور اپنی زیادہ تر خواہشات کو پورا کرنے میں کامیاب بھی رہیں گے۔ اولاد کو آپ کی توجہ کی ضرورت ہے جو رواں دنوں میں ملتی نظر نہیں آ رہی۔ آپ کے فضول اخراجات میں اضافہ ہوتا نظر آ رہا ہے۔ یہ زیادہ تر اپنی ذات پر یا دوستوں پر ہوں گے۔ صحت بہتر رہے گی اور کھانے پینے کی طرف زیادہ رجحان رہے گا۔ ساس کے ساتھ تعلقات خوشگوار رہیں گے۔

25 تا 30 اپریل

یہ دن کاروبار سے وابستہ افراد کے لیے پریشانی لے کر آ رہے ہیں۔ کاروبار میں بہتری لانے کے لیے آپ کی کوششیں بھی کارآمد ثابت نہ ہو پائیں گی۔ شراکتی کاروبار سے وابستہ افراد کو اپنے شریک کار کی طرف سے بھی منفی رویے کا سامنا رہے گا۔ گھریلو حالات بہتر رکھنے کے لیے قرضہ لینا چاہتے ہیں تو ملتا نظر آ رہا ہے۔ چھوٹے بہن بھائیوں کا رویہ آپ کے ساتھ بہتر رہے گا۔ ان سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ بھی حل ہو جائیں گے۔ خاندانی زمینیں یا جائیداد کا فیصلہ اگر مل بیٹھ کر کیا گیا تو یہ آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ قانونی نوعیت کے مسائل درپیش ہیں تو ان کا فیصلہ آپ کی مخالفت میں آئے گا۔

سعد تاریخیں	8-13-14-27
نحس تاریخیں	1-11-29
لکی نمبر	4-5

عرصہ حکومت	22 دسمبر تا 19 جنوری
منسوبی کوکب	زحل
منسوبی حروف	خ، ج، گ
خوش قسمت اعداد	8'6'5
خوش قسمت پتھر	نیلم، ہیرا
خوش قسمت دن	بدھ، جمعہ، ہفتہ
خوش قسمت رنگ	نیلا، سفید، سبز

یکم تا 8 اپریل

آپ اپنی خواہشات کو پوری کرنے کے لیے کافی محنت کریں گے۔ لیکن کوئی مثبت نتائج سامنے نہ آئیں گے۔ انعامی سکیمیں، لاٹری، بانڈ وغیرہ کھیلتے ہیں تو ان سے آپ کو مالی فائدہ ہوتا نظر آ رہا ہے۔ اندرون ملک سفر کے لیے جانا چاہتے ہیں تو وقت مناسب ہے۔ آپ کو اپنے مقصد میں کامیابی بھی ملے گی۔ قانونی نوعیت کے درپیش مسائل کا فیصلہ آپ کے حق میں نہ ہوگا۔ کاروبار سے وابستہ افراد کے لیے یہ وقت بہتری لے کر آ رہا ہے۔ ان کے کام میں اضافہ بھی ہوگا۔ لوگوں کی نظر میں آپ کی عزت اور زیادہ ہو جائے گی اور کسی حد تک اس کی وجہ آپ کی اولاد ہوگی۔

9 تا 16 اپریل

وہ افراد جو قرضہ لینا چاہتے ہیں ان کو چاہیے کہ رواں دنوں میں کوشش کریں، کامیابی ملے گی۔ اس عرصہ میں بیرون ملک سفر کرنا آپ کے لیے موزوں نہیں ہے۔ ذہنی پریشانی کا شکار تھے تو وہ دور ہو جائے گی۔ صحت بہتر رہے گی، اور کھانے پینے کے معاملات کی طرف زیادہ توجہ دیں گے۔ خط وکتابت اور کمپیوٹر کا استعمال زیادہ کریں گے۔ چھوٹے بہن بھائیوں یا قریبی رشتے داروں کے ذمے کوئی کام لگایا ہے تو وہ حل ہو جائے گا۔ آپ اپنا مال رفاعی کاموں میں کم خرچ کریں گے۔ رواں دنوں میں زبان کا بے جا استعمال آپ کے لیے پریشانی لا رہا ہے۔

17 تا 24 اپریل

کاروبار سے منسلک افراد کے لیے یہ عرصہ بہتری لے کر آ رہا ہے۔ وہ افراد جو کاروبار میں پیسہ لگانا چاہتے ہیں، ان کے لیے بھی یہ وقت بہتر ہے۔ ادویات کا استعمال ڈاکٹر کی رائے کے بغیر نہ کریں، ورنہ آپ کو مزید پریشانی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کو چاہیے کہ دوسرے کاموں کے علاوہ تعلیم کی طرف زیادہ توجہ دیں، کیونکہ فی الحال کوئی اور مسئلہ تعلیم سے زیادہ ضروری نہیں۔ موسیقی کی طرف زیادہ رجحان رہے گا۔ اس کے علاوہ آپ عشق ومحبت جیسے کاموں میں بھی زیادہ توجہ دیں گے۔ والد کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ ان سے اپنے مسائل بیان کریں، بہتر مشورہ ملنے کی اُمید ہے۔

25 تا 30 اپریل

ذہنی پریشانی کا شکار تھے تو وہ دور ہوتی نظر آ رہی ہے۔ جسمانی بیماری دور ہوتی نظر نہیں آ رہی۔ اس کی ایک وجہ پرہیز نہ کرنا بھی ہوگا۔ گھریلو حالات بہتر رہیں گے۔ بہن بھائیوں اور رشتے داروں کے ساتھ ملنا جلنا بھی ہوگا۔ اپنے سے کم درجے کے ملازمین کی وجہ سے آپ کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ وراثتی اُمور کا فیصلہ رواں دنوں میں ہوتا نظر نہیں آتا۔ لڑائی جھگڑے جیسے کاموں سے دور رہیں، آپ کو چوٹ لگنے کا اندیشہ ہے۔ اگر قانونی کارروائی ہوئی تو وہ بھی آپ کے خلاف ہوگی۔ آپ کے غیر ضروری اخراجات میں کمی آئے گی اور مالی حالات بہتر رہیں گے۔ آپ کا انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ بہتر رہے گا۔ جس کی وجہ سے آپ کے اکثر کام حل ہو جائیں گے۔

سعد تاریخیں	16-22-24-25
نحس تاریخیں	6-13-14-27
لکی نمبر	6-7

عرصہ حکومت	20 جنوری تا 18 فروری
منسوبی کواکب	زحل، یورانس
منسوبی حروف	س، ش، ث، ٹ، ڈ
خوش قسمت اعداد	8,6,3
خوش قسمت پتھر	نیلم، پکھراج، ہیرا
خوش قسمت دن	جمعرات، جمعہ، ہفتہ
خوش قسمت رنگ	نیلا، گلابی، ہرا

یکم تا 8 اپریل

اندرون ملک سفر کرنے کے حوالے سے یہ عرصہ مناسب نہیں ہے۔ آپ کو اپنے مقصد میں کامیابی ملتی نظر نہیں آ رہی۔ قانونی نوعیت کے درپیش مسائل کا فیصلہ رواں دنوں میں ممکن ہے اور یہ فیصلہ آپ کی خواہش کے مطابق ہوگا۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ آپ کے لیے فائدہ مند نہ رہے گا۔ اولاد پر نظر رکھیں، ممکن ہے کہ وہ کوئی ایسا قدم اٹھائیں جس کی وجہ سے ان کو اور آپ کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑے۔ آپ کے مالی حالات بہتر رہیں گے۔ کھانے پینے کی اشیاء کی طرف آپ کا رجحان زیادہ رہے گا۔ رواں دنوں میں آپ کی توجہ علوم مخفی کی طرف زیادہ رہے گی۔ حکومتی اداروں سے وابستہ کام نامکمل رہیں گے۔

9 تا 16 اپریل

شریک حیات کے ساتھ تعلقات خوشگوار رہیں گے۔ دونوں سیر وتفریح کے لیے بھی جائیں گے۔ آپ کا انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ بہتر رہے گا۔ آپ کے مالی حالات بہتر رہیں گے۔ ساس کے ساتھ ناراضگی پیدا ہوگی۔ انعامی سکیمیں یا لاٹری وغیرہ کھیلتے ہیں تو اس سے بڑا انعام حاصل نہ کر پائیں گے۔ آپ اپنی خواہشات اور اُمیدوں کو پورا کرنے کے لیے بھرپور محنت کریں گے، لیکن چند ایک خواہشات ہی پوری ہو سکیں گی۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو وہ ملتا نظر نہیں آ رہا۔ مالیاتی لین دین کرنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ بینکوں سے وابستہ کام پورے ہو جائیں گے۔

17 تا 24 اپریل

اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف بھرپور رہے گی۔ اس سلسلے میں یہ یار دوستوں سے بھی مدد لیں گے۔ رواں دنوں میں آپ کی توجہ علوم مخفی کی طرف زیادہ رہے گی۔ حکومتی عہدیداروں سے وابستہ کام حل نہ ہوسکیں گے۔ کاروبار سے منسلک افراد کو کام میں پریشانی کا سامنا رہے گا۔ لیکن اگر وہ محنت زیادہ کریں تو کسی نہ کسی حد تک منافع کمانے میں کامیاب رہیں گے۔ اندرون ملک سفر کرنے کے حوالے سے یہ وقت مناسب نہیں۔ شریک کار کی دولت سے آپ کو فائدہ ہوتا نظر نہیں آ رہا ہے۔ شادی، بیاہ اور دوسری تقریبات میں آپ کی شرکت کم رہے گی۔ گھریلو سکون میسر رہے گا۔

25 تا 30 اپریل

رواں دنوں میں شریک حیات کے ساتھ تعلقات خراب رہیں گے۔ یہ وقت منگنی یا نکاح کرنے کے لیے بھی سعد نہیں ہے۔ آپ کی چند ایک خواہشات اور تمنائیں پوری ہوتی نظر آ رہی ہیں۔ انعامی سکیمیں یا لاٹری وغیرہ کھیلتے ہیں تو خاص انعام حاصل نہ کرسکیں گے۔ آپ کا انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ بہتر رہے گا اور لوگ آپ سے متاثر بھی ہوں گے۔ رواں دنوں میں آپ اپنی ذات پر زیادہ توجہ دیں گے۔ یار دوستوں سے ملنا جلنا ہوگا۔ سیر و تفریح کے پلان بنائیں گے۔ لیکن جا نہ پائیں گے۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو یہ وقت بہتر نہیں ہے۔ صحت کے حوالے سے احتیاط کریں۔ مالی حالات بہتر رہیں گے۔

سعد تاریخیں	4-13-18-27
نحس تاریخیں	1-6-29
لکی نمبر	9-4

عرصہ حکومت	19 فروری تا 20 مارچ
منسوبی کواکب	مشتری نیپچون

منسوبی حروف	چ، د
خوش قسمت اعداد	9'6'3
خوش قسمت پتھر	پکھراج، مرجان، مونگا
خوش قسمت دن	منگل، جمعرات، جمعہ
خوش قسمت رنگ	ہلکا براؤن، لال، نارنجی

یکم تا 8 اپریل

ذاتی کاروبار سے وابستہ افراد کے کام میں بہتری آئے گی۔ اگر کاروبار کے سلسلے میں اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو وہ بھی فائدہ مند رہے گا۔ شراکتی کاروبار سے وابستہ افراد کو ان دنوں میں پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ وراثتی اُمور کا فیصلہ التواء کا شکار تھا تو وہ ان دنوں میں حل ہوجائے گا۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی تعلیم کی طرف کوئی خاص توجہ نہ ہوگی۔ چھوٹے بہن بھائیوں اور رشتے داروں سے ملنا جلنا ہوگا۔ مالی حوالے سے اس ہفتے میں پریشانی کا سامنا ہوگا۔ شریک حیات کے ساتھ ناراضگی رہے گی۔ حکومتی عہدیداروں سے وابستہ کام حل ہوجائیں گے۔

9 تا 16 اپریل

ملازمت پیشہ افراد کو نوکری میں کسی پریشانی کا سامنا ہے تو وہ رواں دنوں میں دور ہوجائے گی۔ اس عرصہ میں آپ اپنی ذات پر خاص توجہ دیں گے۔ خفیہ دشمنوں کی طرف سے پریشانیوں کا سامنا ہوگا۔ صحت بہتر رہے گی۔ ذہنی پریشانی تھی تو وہ بھی دور ہوجائے گی۔ شریک کار سے وابستہ اُمیدیں پوری نہ ہوسکیں گی۔ ننھیالی رشتے داروں سے ملنا جلنا ہوگا۔ ان سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو کوشش کریں حل ہوجائے گا۔ رواں دنوں میں آپ کا رجحان مذہبی کاموں کی طرف زیادہ رہے گا۔ اندرون ملک سفر کرتے ہیں تو آپ کو اپنے مقصد میں اُمید کے مطابق کامیابی نہ مل سکے گی۔

17 تا 24 اپریل

وہ افراد جنہوں نے کسی کو قرضہ دے رکھا ہے ان کو وہ رقم یا چیز واپس ملتی نظر آ رہی ہے۔ معاشرے

میں عزت و مقام رکھنے والے لوگوں سے ملنا جلنا ہوگا اور ان کی وجہ سے آپ کے کئی ایک کام بھی ہوجائیں گے۔ بینکوں سے وابستہ کام مقررہ وقت پر حل نہ ہوسکیں گے۔ آپ کا انداز گفتگو تلخ رہے گا۔ اندرون شہر پیدل سفر کریں گے۔ خوراک کی طرف بھی آپ خاص توجہ رکھیں گے۔ گھر کی تزئین و آرائش کی طرف آپ کوئی خاص توجہ نہ دیں گے۔ ذاتی کاروبار سے وابستہ افراد کے لیے کام کے حوالے سے یہ مناسب وقت ہے۔ ساس کے ساتھ تعلقات خراب رہیں گے۔

25 تا 30 اپریل

